© rasailojaraid.com



بل اہم علامتی نشان بن گیا تھا۔ ڈالر پر شائع ہونے والے دائرہ کے اندر مخروطی عمارت کے نیچے جو الفاظ لکھے ہوئے ہیں ان کا انگریزی ترجمہ "نیو ورلڈ آرڈر" ہی ہے۔

## بالآخر عبدالولی خان نے بھی تسلیم کرلیا

مورخہ ۹۴-۹-۱۷ کو بی بی سی لندن کی پشتو نشریات میں عوامی نیشنل پارٹی کے قائد خان عبدالولی خان نے یہ بات بالآخر تسلیم کرلی کہ سوویت یونین نے امریکہ سے شکست نہیں کھائی، بلکہ اسلامی نظام سے شکست کھائی ہے، خان عبدالولی خان نے بی بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ سوویت یونین میں جو نظام تھا، سوشلزم اور کمیونزم کا اس کا مقابلہ امریکہ طاقت اور اسلحہ سے نہیں کرسکتا تھا۔ تو امریکہ کی خفیہ ایجنسی سی آئی اے اور پاکستان کی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی نے مشترکہ ایسی حکمت عملی تیار کی کہ جس میں روس کو شکست ہو لیکن ان کو اس بات کا بھی مکمل یقین تھا کہ روس کے ساتھ طاقت اور اسلحہ سے نہیں لڑسکتے تو انہوں نے افغانستان کی عوام میں جہاد افغانستان اور اسلامی نظام کا جذبہ ابھارا۔ تو روس کے پاس جو نظام تھا سوشلزم اور کمیونزم کا تو وہ اسلام کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا۔ اس لیے روس نے امریکہ سے شکست نہیں کھائی بلکہ اسلامی نظام سے شکست کھائی ہے"

ولی خان نے اس انٹرویو میں بالآخر یہ بات تسلیم کرلی ہے کہ روس کو اسلامی نظام سے شکست ہوئی ہے تو پھر ولی خان کو چاہیئے کہ آئندہ اسلام کے بارہ میں توہین آمیز بیانات دینے سے نہ صرف گریز کریں بلکہ پاکستان میں اسلامی نظام کی اجراء اور نفاذ کے بارہ میں دینی قوتوں اور علماء حق کا بھرپور ساتھ دیں۔ ضیاء الدین قریشی

## عذاب جہنم سے بچنے کے لیے فائر پروف کفن

(نوائے وقت ۵ راگست ۱۹۹۴ء کی ایک خبر بھیج رہا ہوں)

امریکہ کے ایک شہری ہاروی فرنیک کو مرنے کے بعد اس کی وصیت کے مطابق فائر پروف کفن پہنایا گیا اور قبر میں تابوت کے ساتھ آگ بجھانے والے آلات بھی رکھ دیئے گئے ہاروی فرنیک نے مرنے سے کچھ عرصہ قبل خواب دیکھا تھا کہ مرکر وہ سیدھا دوزخ میں چلا گیا ہے چونکہ اس کے اعمال بھی دوزخیوں جیسے تھے اس لیے اسے یقین ہوگیا کہ مرنے کے بعد اسے ضرور جہنم کی سزا ملے گی۔ چنانچہ اس نے وصیت کردی کہ اسے فائر پروف کفن پہنایا جائے اور اس کی لاش کے ساتھ آگ بجھانے والے آلات بھی دفن کیے جائیں۔

ہاروی فرنیک نے سوچا ہوگا کہ جہنم کی آگ بھی دنیا کی آگ جیسی ہوگی اور جس طرح آگ بجھانے والے آلات سے ہم دنیا کی آگ بجھا لیتے ہیں اس طرح فائر پروف کفن کی مدد سے وہ جہنم کی آگ سے بھی بچا رہے گا



© rasailojaraid.com